## سوال

(166)نماز میں اشہد ان لا الہ الا اللہ کے موقع پر انگشت سبابہ کو اوپر اٹھانا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز میں اشہد ان لا الہ الا اللہ کے موقع پر انگشت سبابہ کا صرف اوپر کی جانب ایک بار اٹھانا ثابت ہے یا کہ اس کو دو تین بار حرکت دینا جیسا کہ اکثر حنفی مولویوں کو میں نے دیکھا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

عندالحنفیہ تشہد میں کلمہ کی انگلی کے اٹھانے کے صورت یہ ہے کہ : جب نمازی قعدہ اولیٰ یا اخیرہ میں بیٹھے تو بائیں ہاتھ کی طرح دائیں ہاتھ کو بھی ران پر گھٹنے کے قریب پھیلا کر رکھے ۔ پھر جب التحیات میں ''اشہد ان لا الہ الا اللہ،، کے قریب پہنچے تو دائیں ہاتھ کی دو انگلیوں خنصر اور بنصر کو موڑے اور بیچ کی انگلی وسطی اور انگوٹھے کو ملا کر حلقہ بنالے اور ''لا الہ،، پر پہنچ کر کلمہ انگلی سبابہ کو اوپر کی طرف اٹھائے اور ''الا اللہ،، پر پہنچ کر گرادے یعنی : ران پر رکھ دے ، پھر دوبارہ سبابہ کو نہ اٹھائے اور نہ اس کو حرکت دے ہاں خنصر اور بنصر کو حسب دستور موڑے رہے اور وسطیٰ وابہام کا حلقہ بھی بدستور سلام پھیرنے تک قائم رکھے ۔

قال ابن الهمام فی فتح القدیر : ''لاشک أن وضع الکف مع قبض الأصابع لایتحقق حقیقة ، فالمراد واللہ أعلم وضع الکف ثم قبض الاصابع بعد ذلک الاشارة ، وهو المروي عن محمد وکذا عن أبی یوسف فی الأمالی ،، انتهی .

وقال القاری فی تزیین العبارة : ''المعتمد عندنا لایعقد إلا عند الإشارة لإختلاف ألفاظ الحدیث ، وبما اخترنا تحصل الجمع بین الأدلة ، فإن بعضها یدل علی أن العقد من أول القعود ، وبعضها یشیر إلی أنه لاعقد أصلا مع الإتفاق علی تحقیق الإشارة ،، انتهی تزیین العبارة . وقال القاری فی المرقاة : ''وعندنا یعنی : الحنفیة ، یرفعها عند لا اله ، ویضعها عند إلا الله ، لمناسبة الرفع المنفی ، وللأئمة الوضع للإثبات ، ومطابقته بین القول والفعل حقیقة ،، انتهی . وقال صاحب الأوجز : ''لایحرک الإصبع عندنا الحنفیة ، وکذا عند الحنابلة کما فی المغنی ، وهو المفتی به عند الشافعیة ،، (1/257).

لیکن احادیث کے ظاہر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب قعدہ میں تشریف لے جاتے ، تو (حسب بیان وتصریح احادیث مختلفہ ) اسی وقت سے انگیاں موڑ لیتے اور سبابہ سے اشارہ کرتے ، یعنی : کسی ایک روایت سے بھی یہ نہیں ثابت ہوتا کہ جب اشہد ان لا الہ الخ کے قریب پہنچتے ہوں تب موڑتے ہوں ، اور حسب بیان حنفیہ ''لا الہ،، پر رفع اور ''الا اللہ،، پر وضع سبابہ اختیار کرتے ہوں ۔ عموما احادیث میں یہ آتا ہے جلس ووضع وقبض ، وأشار بالسبابة کسی روایت سے صراحتاً خاص ''لا الہ الا اللہ،، پر اشارہ کی تعیین ثابت نہیں ہوتی ۔ پس ظاہر ہے کہ اشارہ بالسبابہ ابتداء قعود سے ہونا چاہیے ، ہاں اشارہ بالسبابہ کی حکمت بظاہر یہ ہے کہ اقرار بالتوحید لسانی کی تائید فعل (اشارہ) سے بھی ہوجائے یعنی : قول وفعل میں مطابقت ہوجائے جیسا کہ بیہقی کی بعض روایت میں وارد ہے : ''یوحد بها ربه،، یا ''یشیر بها الی التوحید،، لیکن اس روایت سے یہ نہیں ثابت ہوتا کہ خاص ''لا الہ الا اللہ،، پر پہنچ کر اشارہ

ہونا چاہئیے ۔ و نیز ظاہر احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ اشارہ آخر قعدہ تک مستمر وباقی رہنا چاہیے پس ''الا اللہ،، پر سبابہ کو گرادینا صحیح نہیں ہے کہ ضع سبابہ اشارہ کے منافی ہے ۔

تحریک سبابہ کے بارے میں دو متعارض روایتیں وارد ہیں ۔ روی ابوداوٗد (کتاب الصلاۃ باب الاشارۃ فی التشہد (989) 1 603) والنسائی (کتاب الافتتاح باب الاشارۃ بالاصبع فی التہشد الاول 1 237) ''عن عبداللہ بن الزبیر قال : کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یشیر باصبعہ إذا دعا ولایحرکہا،، وروی النسائی (کتاب الافتتاح باب موضع الیدین عند الجلوس للتشہد الاول 1/236) عن وائل مرفوعا فیہ ''فحرکہا،، وجمع بینہما البیہقی : ''بأنہ یحتمل أن یکون المراد بالتحریک، الإشارۃ بہا لا تکریر تحریکہا، فالمراد بالحرکۃ حرکۃ الإشارۃ لا حرکۃ أخری بعد الاشارۃ، وبالجملۃ المراد بالتحریک ہو الرفع لاغیر،، (السنن الکبري 132/2) . وجمع بعضہم بین ہاتین الروایتین، بأن المراد بالتحریک تحریکہا فی بعض الاحیان من غیر تکثیر وتکریر، وبعدم التحریک عدم تحریکہا دائما علی سبیل الإستمرار، وہذا ہو الظاہر عند واللہ اعلم بالصواب . (مصباح بستی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

**جلد نمبر 1**

**صفحہ نمبر 259**

**محدث فتویٰ**